12/03/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے موتیہاری بہار میں جدید ترین سہولیات سے لیس شری بریندر رائے اسپتال کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے گزشتہ دس برس کے دوران طبی نگہداشت کے سیکٹر میں زبردست کامیابیاں حاصل کی ہےں ۔

منوج سنہا نے کہا کہ ہمیں قابلِ رسائی طبی نگہداشت کا دائرہ دور دراز علاقوں تک وسیع کرنا چاہئے تاکہ لائن میں کھڑے آخری شخص تک بھی معیاری طبی سہولیات پہنچ سکیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کا منشور جموں کشمیر کے عوام کے ساتھ عہد و پیماں کا ایک دستاویز ہے ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ ڈیلی ویجروں کی خدمات کو باقائدہ کرنے کے لئے مختلف امور کا جائزہ لینے اور اس سلسلے میں کوئی راستہ تلاش کرنے کے لئے سرکار ایک کمیٹی تشکیل دے گی ۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ محض ایک مالی مسلہ نہیں ہے بلکہ ایک انسانی مسلہ ہے جسے حل کرنے کی ضرورت ہے۔

پولیس

کشمیر زون پولیس کے انسپکٹر جنرل وی کے بردی نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک نے کشمیر صوبے کی ابھرتی ہوئی سلامتی صورتحال کا IGP سیکورٹی میٹنگ کی صدارت کی ۔ تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے امن و سلامتی کے لئے عوامی تعاون کی اہمیت اجا گر کی۔

انہوں نے قوم دشمن سرگرمیوں کی قریب سے نگرانی کرنے پر زور دیتے ہوئے افسروں کو حساس علاقوں میں رات کے دوران گشت کرنے کی ہدایت دی ۔ میٹنگ میں سبھی رینجوں کے اور دیگر سینئر پولیس افسروں نے شرکت کی ۔ SSP's ڈپٹی انسپکٹر جنرلوں ، ضلع

رپورٹ

عالمی سیاحتی مقام گلمرگ میں نو مارچ سے شروع ہوئے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا آج آخری دن ہے ۔ گزشتہ تین دن کے دوران طے شدہ شیڈول کے مطابق ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے سینکڑوں کھلاڑیوں نے برفیلے کھیلوں کے الگ الگ زمروں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے میڈل جیت لئے ۔

اختتامی تقریب پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو آج انعام و اکرام سے نوازا جائے گا۔ ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر ۔

-----V/O ------

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں ضلع سطح کی کو آرڈینیشن اور عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں ضلع کے مختلف ثقافتی مقامات کے تحفظ اور طرزِ تعمیر کے رکھ رکھاو کا جائزہ لیا گیا ۔

میٹنگ میں عالی مسجد، زیارت نقشبند صاحب ، آستان بابا غلام الدین // رام مندر ، منگلیشور مندر ، زیٹھیار مندر او ر وژار ناگ مندر سمیت ثقافتی اہمیت کی حامل ایسی کچھ دیگر مقامات پر جاری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔

ڈپٹی کمشنربڈگام

ڈپٹی کمشنربڈگام اکشے لابرو نے ضلع ہیڈ کوارٹر س میں زیر عمل کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کے کام کا فیلڈ وِزِٹ کر کے جائزہ لیا ۔ انہوں نے خاص طور پر کورٹ روم ، پبلک ویٹنگ روم اور الکٹرک کنٹرول روم کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

کولگام

ضلع ترقیاتی کونسل کولگام کے چیر پرسن محمد افضل پرے نے جسمانی طور سے خاص بچوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا عہد کیا ہے ۔ وہ خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کے لئے شمولیاتی تعلیم سے متعلق منعقدہ ایک پروگرام کی صدارت کر رہے تھے جس کا اہتمام محکمہ تعلیم نے کیا تھا۔

شجر کاری

کشمیر وادی میں جنگلات سے باہر بستیوں والے علاقوں میں بھی زیادہ سے زیادہ شجر کاری کے لئے محکمہ جنگلات نے صنوبر کے پودوں کی فروخت شروع کر دی ہے ۔ سیل مراکز PC ڈیپاٹ شیخ باغ سرینگر اور تمام ضلع و ڈویژنل ہیڈ کوارٹروں پر قائم کئے گئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے عین مطابق وادی کے اکثر علاقونمیں گزشتہ دو روز سے وقفے وقفے سے کہیں بارش اور کہیں برفباری کا سلسلہ جاری ہے ۔کشمیر صوبے کے بیشتر بالائی علاقوں سے تازہ برف باری ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

اس دوران محکمہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے کہا ہے کہ 16مارچ تک مطلع ابر آلود رہنے کے ساتھ ساتھ کہیں بارش تو کہیں برفباری ہونے کا امکان ہے۔

شاہراہ

قاضی گنڈ اور رام بن میں لگاتار بارش کے باوجود سرینگر جموں قومی شاہراہ پر گاڑیاں معمول کے مطابق چل رہی ہےں ۔ البتہ سرینگر کرگل روڑ // بھدرواہ-چھمبا روڑ/مغل روڑ اورسنتھن کشتواڑ روڑ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ